Question Paper Serial No.

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

06. 08. 2024

Tear here

CCE-III-RR/PR/PF/NSR/NSPR(A)/111/7138

**A**

ಆಗಸ್ಟ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ-3
**AUGUST 2024 EXAMINATION-3**

**CCE RR/PR/PF/ NSR/NSPR FULL SYLLABUS**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**
**Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ
# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

**(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**
**(Regular Repeater / Private Repeater / Private Fresh / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 06. 08. 2024 ] [ Date : 06. 08. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ میں کُل 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کر دیا گیا ہے۔امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتّباع کیجئے)۔ پرچہ کھلونے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹکٹ میں شائع کیا گیا۔سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **8 × 1 = 8**

1. ایکٹ کے تحت مرکز میں دوہری (Dyarchy) حکومت بنانے کا موقع دیا ہے

(A) 1773 کا ریگولیٹنگ ایکٹ

(B) 1909 کا انڈین کونسل ایکٹ

(C) 1919 کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ

(D) 1935 کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ

2. مندرجہ ذیل میں سے ایک جو طاق ہے

(A) محور ( Axis )

(B) سہ رُخی ( Triple Entente )

(C) سہ رُخی اتحاد ( Triple Alliance )

(D) براؤن شرٹس ( Brown Shirts )

3. تنظیم اقوام متحدہ ( UNO ) کا صدر دفتر واقع ہے

(A) پیرس

(B) واشنگٹن DC

(C) نیو یارک

(D) روم

4. خود امداد جماعتیں ( Self help groups ) قائم کرنے کا مقصد ہے

(A) شہری ترقی

(B) خود مختار عورتیں

(C) صنعت قائم کرنا

(D) خارجی تجارت کو بڑھاوا دینا

5. ہندوستان کا سب سے اونچا دریا وادی منصوبہ ہے

(A) بھا کرا- ننگل منصوبہ

(B) کوسی منصوبہ

(C) دامودر دریا وادی منصوبہ

(D) تنگ بھدرا منصوبہ

6. ہندوستان سے ابرق کی برآمدات میں کمی آئی ہے کیونکہ

(A) ابرق کی کان کُنی دن بدن خالی ہونا

(B) چین میں ابرق کی پیداوار میں زیادتی ہونا

(C) ابرق کے متبادل کا مہیّا ہونا

(D) ابرق کی قیمتوں میں اضافہ ہونا

7. ہندوستان میں بابائے سبز انقلاب ہے

(A) ورگیز کورئین

(B) ڈاکٹر نورمن برلوگ

(C) حاجی کلیم اللہ خان

(D) ڈاکٹر ایم-ایس-سوامی ناتھن

8. گریش نے ایک خریداری میں دھوکہ ہونے پر ریاستی صارف کمیشن میں شکایت درج کی ہے۔ اس کے دعویٰ کی قیمت ہونی چاہیئے

(A) ایک کروڑ سے زیادہ

(B) بیس لاکھ اور ایک کروڑ کے درمیان

(C) دس لاکھ سے کم

(D) دس لاکھ اور بیس لاکھ کے درمیان

**II.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیں : **8 × 1 = 8**

9. پہلی اینگلو - مرہٹہ جنگ کے اختتام پر کس معاہدہ پر دستخط ہوا تھا ؟

10. 1953 میں فضل علی کی قیادت میں کمیشن کی تشکیل کیوں ہوئی تھی ؟

11. تخفیف اسلحہ ( Disarmament ) سے کیا مراد ہے ؟

12. خاموش وادی تحریک ( Silent Valley Movement ) کیوں عمل میں آیا تھا ؟

13. '' 2009 کا تعلیم کا حق کا قانون'' کیوں لاگو کیا گیا تھا ؟

14. عمیق کاشتکاری ( Intensive farming ) کا کیا استعمال ہے ؟

15. ہندوستان میں معاشی سال ( Financial year ) کی مدّت کتنی ہے ؟

16. ''باصلاحیت کاروبار ایک جرأتمندانہ قدم ہے۔'' کیسے ؟

**III.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا چار جملوں میں لکھئے : **8 × 2 = 16**

17. ہندوستان میں دہشت گردی ( Terrorism ) کے روک تھام کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کی فہرست بنائیے۔

یا

اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے مستقل ممبر ممالک کے نام بتائیے۔

18. بے روزگاری کے مسئلہ کو ہم کس طرح حل کر سکتے ہیں ؟

یا

جہیز کی لعنت کو قانونی کاروائی کے علاوہ ہم کس طرح ختم کر سکتے ہیں ؟

19. عہد معاونت ( Subsidiary Alliance ) پالیسی کس طرح انگریزی حکومت کی توسیع میں مددگار ثابت ہوئی ؟

20. آزادی کے بعد ہندوستان کو کون کونسے مسائل کا سامنا کرنا پڑا تھا ؟

21. ہندوستان کی آب وہوا پر کون کون سے عوامل اثرانداز ہوتے ہیں ؟

22. مٹی کے کٹاؤ سے زراعت کی پیداوار کا بہت نقصان ہوتا ہے۔ کیسے ؟

23. پانچ سالہ منصوبہ ( Five-year plans ) کے مقاصد کی وضاحت کیجئے۔

24. باصلاحیت کاروباری صنعت کاروں کی ترقی کے ادارے ( Entrepreneur Promotional Organizations) کو قائم کرنے کے مقاصد کیا کیا ہیں ؟

**IV.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے : 9 × 3 = 27

25. چک دیورایاوڈیر کے کارناموں کی فہرست بنائیے۔

یا

ڈاکٹر اینی بیسنٹ نے کونسے اصلاحات کی وکالت کی ہے ؟

26. مصنوعی سیارے کے ذریعے سطح ارضی کا جائزہ لینے کی تکنیک ( Remote Sensing Technology ) کی اہمیت کی وضاحت کیجئے۔

یا

صنعتوں کی مقامیت پر اثر ڈالنے والے عوامل کی وضاحت کیجئے۔

27. ہندوستان کی تقویت کی خاطر دیہی ترقی لازمی ہے۔ کیوں ؟

یا

عوامی مالیہ معاشی استحکام کے لئے ایک اہم ہتھیار ہے۔ کیسے ؟

28. بینک کا لین دین ( Bank Operations ) ہر ایک فرد کی زندگی کے لئے بہت ضروری ہے۔

کیوں ؟ جواز پیش کیجئے۔

یا

1986 کے صارفین کے تحفظ کا قانون صارفین کے حقوق کا خیال رکھتا ہے۔ کیسے ؟

29. مارتھنڈ اور ما کے ہالینڈ کی قوت کے خلاف جدوجہد کو منظم کے طریقے کی وضاحت کیجئے۔

30. دوسری جنگ عظیم کے بعد سماج اور سیاست کے ڈھانچوں میں کیا تبدیلیاں ہوئی تھیں ؟

31. ہندوستان کے ساتھ روس کے تعلقات کی وضاحت کیجئے۔

32. چھوت چھات کے خاتمہ کے لئے دستوری اور قانونی اقدامات کیا ہیں ؟

33. گذشتہ کل رات بنگال کی کھاڑی میں بہت ہی کم ہوا کا دباؤ وجود میں آیا۔ تمل ناڈو سرکار کو اس سے نپٹنے

کے لئے کیا احتیاتی تدابیر لینی چاہیئے ؟

**V.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے : **4 × 4 = 16**

34. انگریزی حکومت کے دور میں پولس کے نظام میں سدھار لانے کی وضاحت کیجئے۔

یا

ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کے ناکامی ہونے کے وجوہات کی وضاحت کیجئے۔

35. بال گنگادھر تلک نے ہندوستانیوں میں قومیت تحریک ( Nationalistic Movement ) کو اکسانے میں فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے۔ جواز پیش کیجئے۔

36. موجودہ سالوں میں عورتوں کے مقام میں سدھار آرہا ہے۔ جواز پیش کیجئے۔

37. جنگلات کا تحفظ ہم کس طرح کرسکتے ہیں ؟

**VI.** 38. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : **1 + 4 = 5**

a) خط سرطان

b) ہیراکڈ منصوبہ

c) ہندوستان کا باب الداخلہ

d) کولار

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: ( سوال نمبر 38 کی جگہ )**

ہمہ مقصدی دریائی وادی منصوبہ کے اہم مقاصد بیان کیجئے۔ **5**

DO NOT WRITE ANYTHING HERE